روزنامہ الفضل

ٹیلی فون نمبر:213029

C.P.L 29

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web:http://www.alfazal.com

Email:editor@alfazal.com

پیر 11 اکتوبر 2004ء 25شعبان 1425ہجری 11 اخاء 1383ھش جلد 54-89 نمبر 230

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

ایک ضروری بات یہ ہے کہ تقویٰ میں ترقی کرو ترقی انسان خود نہیں کرسکتا تھا جب تک ایک جماعت اور ایک اس کا امام نہ ہو۔ اگر انسان میں یہ قوت ہوتی کہ وہ خود بخود ترقی کرسکتا تو پھر انبیاء کی ضرورت نہ تھی۔ تقویٰ کے لئے ایک ایسے انسان کے پیدا ہونے کی ضرورت ہے جو صاحب کشش ہو اور بذریعہ دعا کے وہ نفسوں کو پاک کرے۔ دیکھو اس قدر حکماء گزرے ہیں کیا کسی نے صالحین کی جماعت بھی بنائی ہرگز نہیں اس کی وجہ یہی تھی کہ وہ صاحب کشش نہ تھے، لیکن آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کیسے بنادی۔ بات یہ ہے کہ جسے خدا تعالیٰ بھیجتا ہے اس کے اندر ایک تریاقی مادہ رکھا ہوا ہوتا ہے پس جو شخص محبت اور اطاعت میں اس کے ساتھ ترقی کرتا ہے تو اس کے تریاقی مادہ کی وجہ سے اس کے گناہ کی زہر دور ہوتی ہے اور فیض کے ترشحات اس پر بھی گرنے لگتے ہیں۔ اس کی نماز معمولی نماز نہیں ہوتی۔ یادرکھو کہ اگر موجودہ ٹکروں والی نماز ہزار برس بھی پڑھی جاوے تو ہرگز فائدہ نہ ہوگا۔ نماز ایسی شئے ہے کہ اس کے ذریعہ سے آسمان انسان پر جھک پڑتا ہے۔ نماز کا حق ادا کرنے والا یہ خیال کرتا ہے کہ میں مرگیا اور اس کی روح گداز ہو کر خدا کے آستانہ پر گر پڑی ہے۔ اگر طبیعت میں قبض اور بدمزگی ہو تو اس کے لئے بھی دعا ہی کرنی چاہئے کہ الٰہی تو ہی اسے دور کر اور لذت اور نور نازل فرما۔ جس گھر میں اس قسم کی نماز ہو گی وہ گھر کبھی تباہ نہ ہوگا۔ حدیث شریف میں ہے کہ اگر نوحؑ کے وقت میں یہ نماز ہوتی تو وہ قوم کبھی تباہ نہ ہوتی۔ حج بھی انسان کے لئے مشروط ہے روزہ بھی مشروط ہے۔ زکوٰۃ بھی مشروط ہے مگر نماز مشروط نہیں۔ سب ایک سال میں ایک ایک دفعہ ہیں مگر اس کا حکم ہر روز پانچ دفعہ ادا کرنے کا ہے۔ اس لئے جب تک پوری پوری نماز نہ ہوگی تو وہ برکات بھی نہ ہوں گی جو اس سے حاصل ہوتی ہیں اور نہ اس بیعت کا کچھ فائدہ حاصل ہوگا۔ اگر بھوک یا پیاس لگی ہو تو ایک لقمہ یا ایک گھونٹ سیری نہیں بخش سکتا۔ پوری خوراک ہوگی تو تسکین ہوگی۔ اسی طرح ناکارہ تقویٰ ہرگز کام نہ آوے گا۔ خدا تعالیٰ انہیں سے محبت کرتا ہے جو اس سے محبت کرتے ہیں۔ (۔) (اٰل عمران :93) کے یہ معنے ہیں کہ سب سے عزیز شئے جان ہے۔ اگر موقعہ ہو تو وہ بھی خدا کی راہ میں دے دی جاوے نماز میں اپنے اوپر جو موت اختیار کرتا ہے وہ بھی بِرّ کو پہنچتا ہے۔

(ملفوظات جلد چہارم ص 627)

عبادت - رباط

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا:

کیا میں تمہیں وہ بات نہ بتاؤں جس سے اللہ تعالیٰ گناہ مٹا دیتا ہے اور درجات بلند کرتا ہے۔

صحابہ نے عرض کیا یارسول اللہ ضرور بتایئے آپؐ نے فرمایا:

دل نہ چاہنے کے باوجود خوب اچھی طرح وضو کرنا، مسجد میں دور سے چل کر آنا اور ایک نماز کے بعد دوسری نماز کا انتظار کرنا۔ یہ رباط ہے (یعنی سرحد پر چھاؤنی قائم کرنا)۔

(صحیح مسلم کتاب الطہارۃ باب فضل اسباغ الوضوء حدیث نمبر 369)

طلباء وطالبات کی تعلیمی امداد

آنحضور ﷺ کا فرمان ہے کہ ہر مرد وعورت کے لئے علم کا حصول لازمی ہے۔ خدا کے فضل سے جماعت احمدیہ ایک ایسی جماعت ہے جسے یہ فخر حاصل ہے کہ وہ اپنے آقا کے اس ارشاد کی تعمیل میں پڑھے لکھے افراد کی جماعت شمار ہوتی ہے لیکن ابھی جماعت میں بہت سے ایسے افراد ہیں جو اپنے بچوں کو غربت کی وجہ سے تعلیم کے زیور سے آراستہ نہیں کرپاتے اور مالی اعانت کے مستحق ہیں۔ ایسے نادار، مستحق اور غریب طلبہ کے لئے صدر انجمن احمدیہ پاکستان میں ایک شعبہ امداد طلبہ قائم ہے جو مشروط بآمد ہے اور کلیتہً مخیرّ احباب کی طرف سے ملنے والے عطیہ جات اور مالی معاونت سے چل رہا ہے اور یہ شعبہ مندرجہ ذیل Levels پر طلباء وطالبات کی تعلیمی امداد کرتا ہے۔

1۔ سالانہ داخلہ جات 2۔ ماہوار ٹیوشن فیس 3۔ درسی کتب کی فراہمی 4۔ فوٹو کاپی مقالہ جات کیلئے رقوم 5۔ دیگر تعلیمی ضروریات

پاکستان میں اوسطاً سالانہ فیس کی شرح فی طالب علم درج ذیل ہے۔

1۔ پرائمری/سیکنڈری پرائیویٹ ادارہ جات 2ہزار تا 6ہزار روپے حکومتی ادارہ جات 300 تا 600 روپے

2۔ کالج پرائیویٹ ادارہ جات 6ہزار تا 12ہزار روپے حکومتی ادارہ جات 2400 روپے

3۔ بی ایس سی، ایم ایس سی و پیشہ ور ادارہ جات 50ہزار تا ایک لاکھ روپے حکومتی ادارہ جات, 10ہزار تا 30ہزار روپے اسی طرح شعبہ امداد طلبہ سینکڑوں طلباء وطالبات کی مدد کرنے کی کوشش کررہا ہے۔

آپ سے درخواست ہے کہ اس کارِ خیر میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں نیز اپنے حلقہ احباب کو بھی موثر رنگ میں تحریک فرماویں کہ دل کھول کر رقوم بھجوائیں تا کوئی طالب علم تعلیم کے زیور سے محروم نہ رہ سکے۔ اللہ تعالیٰ آپ کے خلوص میں بہت زیادہ برکت عطا فرمائے۔ آمین

یہ عطیہ جات براہ راست نگران امداد طلباء نظارت تعلیم یا خزانہ صدر انجمن احمدیہ کی مد امداد طلبہ میں بھجوائے جاسکتے ہیں۔

(نگران امداد طلباء۔ نظارت تعلیم)

دعوت الی اللہ کے سنہری گر

141

پر حکمت نصائح ایمان افروز واقعات

مرتبہ: عبدالستار خان صاحب

تہجد اور دعا کا نتیجہ

مکرم چوہدری محمد بوٹا صاحب سیالکوٹی مہاجر قادیان لکھتے ہیں۔

میں اللہ تعالیٰ کی قسم کھا کر کہتا ہوں۔ کہ میں نے مندرجہ ذیل خواب اس طرح دیکھا تھا۔ 1920ء میں احمدیت کا سخت مخالف تھا۔ اور قادیان میں آیا ہوا تھا۔ بورڈنگ ہائی سکول کی جنوبی طرف سڑک پر میر مہدی حسین صاحب دو تین آدمیوں کو دعوت الی اللہ کرتے ہوئے کہہ رہے تھے۔ کہ جو شخص سچے دل سے توبہ کر کے چالیس رات تک تہجد پڑھے اور دعا کرے۔ تو اللہ تعالیٰ اس پر حضرت مسیح موعود کی صداقت کھول دے گا۔ میں نے یہ سن کر پختہ ارادہ کر لیا۔ کہ میں ضرور ایسا کروں گا۔ چنانچہ میں نے باقاعدہ تہجد اور دعا شروع کر دی۔ چند دنوں کے بعد میں نے رات کے 4 بجے ایک خواب دیکھا۔ کہ ”میں اور میرے تین رشتہ دار گندم کی کٹائی کر رہے ہیں۔ میرے ماموں نے کہا کہ خانگاہ سے جا کر حقہ کے لئے آگ لے آؤ۔ میں وہاں گیا۔ تو وہاں ایک پکے ہوئے بیروں کا درخت تھا۔ جونہی میں نے ہاتھ بیر توڑنے کے لئے اٹھایا۔ تو ایک باوردی سپاہی نمودار ہوا۔ جس نے فوراً ہی مجھے ہتھکڑی لگا لی۔ پھر وہی سپاہی مجھے اسی خانگاہ کے ایک اور بیر کے درخت کے نیچے لے گیا۔ اور میں بلند آواز سے روتا ہوا دعا کر رہا تھا۔ کہ اے میرے مولا مجھے بچا اور میری مشکل آسان کر۔ پھر وہ مجھے اسی بیر کے درخت کے نیچے لے گیا اور وہاں ایک معزز آدمی بہت سفید نورانی لباس پہنے ہاتھ میں چھڑی پکڑے ہوئے میرے سامنے آ کھڑے ہوئے۔ میں ان کو دیکھ کر خاموش ہو گیا۔ تو اس معزز شخص نے سپاہی کو کہا کہ اس بے گناہ کو چھوڑ دو۔ کیوں پکڑا ہوا ہے۔ پھر مجھے معلوم نہیں۔ کہ وہ دونوں کہاں گئے۔ اور اس کے بعد میں بیدار ہو گیا۔ میری ہتھیلی اور سرہانہ آنسوؤں سے تر تھا۔ بستر سے اٹھ کر مکرمی چوہدری غلام محمد صاحب کے پاس آ کر خواب سنایا۔ انہوں نے مجھے دو تین فوٹو دکھائے۔ ان میں سے حضرت مسیح موعود کا فوٹو دیکھتے ہی میں نے پہچان لیا۔ کہ یہی بزرگ مجھے بچانے والے تھے۔ اس کے بعد میں نے بیعت کر لی۔

(بشارات رحمانیہ جلد اول ص 166)

نورانی چہرہ

حضرت چوہدری محمد عبداللہ صاحب نمبردار بہلولپوری نے 1902ء میں بیعت اور 1903ء میں حضرت مسیح موعود کی زیارت حاصل کرنے کی سعادت پائی آپ فرمایا کرتے تھے۔

جب میں دین کی طرف راغب ہو کر حضرت اقدس کے دیدار سے مشرف ہوا تو حضرت کے چہرہ مبارک دیکھتے ہی یہ بات میرے دل میں میخ کی طرح گڑ گئی کہ یہ پاک نور کسی کاذب کے چہرہ پر ہرگز جلوہ گر نہیں ہوسکتا۔ (تاریخ احمدیت جلد 18 ص 196)

سری لنکا میں احمدیت کا تعارف

مکرم مرزا نصیر احمد صاحب چٹھی مسیح مربی سلسلہ لکھتے ہیں۔

ریکارڈ کے مطابق سری لنکا میں پہلی بار جس نے احمدیت میں دلچسپی لی وہ ایک علم دوست بارسوخ شخصیت تھی جن کا نام عبدالعزیز تھا اور جو کولمبو کی مشہور ترین علمی درسگاہ زاہرہ کالج کے بانی تھے ان کو احمدیت کا تعارف ”ریویو آف ریلیجنز“ کی وساطت سے حاصل ہوا اور وہ ایک سعید روح تھی جنہوں نے وقت کے امام کو شناخت کر لیا اور انہوں نے 1907ء میں سیدنا حضرت اقدس مسیح موعود کی خدمت میں بیعت کا خط لکھ دیا اور یوں انہوں نے سری لنکا جو اس وقت سیلون (Ceylon) کے نام سے معروف تھا کے اولین احمدی ہونے کا شرف حاصل کیا۔ انہوں نے حضور کی زیارت کا موقع حاصل نہیں کیا تاہم انہوں نے سری لنکا کے طول و عرض میں اپنے مضامین کے ذریعہ سے احمدیت کی طرف دعوت دینا شروع کر دی۔ ان کے بعد دوسری دعوت الی اللہ کا موقع اس وقت پیدا ہو جب حضرت صوفی غلام محمد صاحب رفیق حضرت مسیح موعود قادیان سے فروری 1915ء میں سیدنا حضرت مصلح موعود کی دعاؤں کے ساتھ روانہ ہو کر ماریشس جانے کی غرض سے 14 مارچ کو کولمبو کی بندرگاہ پر اترے۔ وہاں سے چونکہ انہوں نے جہاز بدلنا تھا اس لئے ان کو وہاں قیام کرنا پڑا اور یہ قیام اللہ تعالیٰ کی خاص حکمتوں کے تحت طویل ہوتا گیا اور اس دوران حضرت صوفی صاحب کو اس جزیرہ میں دعوت الی اللہ کا بھرپور موقع مل گیا۔ سیدنا حضرت اقدس مسیح موعود کی صحبت سے اکسیر شدہ حضرت صوفی صاحب کی دعاؤں اور توجہات کی برکت سے آپ کی روانگی سے پہلے پہلے سیلون میں چالیس مخلصین کی جماعت قائم ہوگئی۔

(الفضل 4 اکتوبر 2002ء)

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

نکاح

مکرم فضل الرحمٰن بٹ صاحب ابن مکرم خواجہ مسعود احمد بٹ صاحب سابق صدر جماعت بدوملہی حال دارالعلوم شرقی نور ربوہ کا نکاح ہمراہ مکرمہ ثمرہ نساء صاحبہ بنت مکرم محمد یعقوب بٹ صاحب آف چونڈہ ضلع سیالکوٹ بعوض ایک لاکھ روپے حق مہر پر مکرم رشید احمد لون صاحب صدر جماعت چونڈہ نے مورخہ یکم اکتوبر 2004ء کو احمدیہ بیت الذکر چونڈہ میں بعد نماز جمعہ پڑھایا۔ مکرم فضل الرحمٰن بٹ صاحب، سابق صدر جماعت بدوملہی و امیر حلقہ مکرم عبدالغنی بٹ صاحب کے پوتے اور حضرت مولوی عمر الدین صاحب آف شادیوال رفیق حضرت مسیح موعود کی نسل سے ہیں۔ احباب جماعت سے اس رشتہ کے جانبین اور جماعت کے لئے بابرکت اور مثمر بثمرات ہونے کیلئے درخواست دعا ہے۔

درخواست دعا

مکرم محمد مالک خضر صاحب کارکن دفتر صدر عمومی لکھتے ہیں۔ خاکسار کے بڑے بھائی چوہدری عطاء اللہ صاحب کے داماد مکرم جاوید اقبال یحییٰ صاحب سکنہ چوک داتا زید کا ضلع سیالکوٹ کافی عرصہ سے بیمار چلے آ رہے ہیں۔ اب ان کی طبیعت کافی خراب ہے اور بے ہوشی کی کیفیت ہے۔ احباب کرام سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ محض اپنے فضل و کرم سے شفاء کاملہ عطا فرمائے۔

مکرم رانا مبارک احمد صاحب صدر حلقہ علامہ اقبال ٹاؤن لاہور اطلاع دیتے ہیں۔ کہ عنصر رحمان بعمر (ساڑھے تین سال) ابن مکرم صابر احمد سہگل صاحب ٹاؤن شپ لاہور کے عصاب کمزور ہیں۔ بولنا شروع نہیں کیا۔ احباب جماعت سے کامل شفایابی کی درخواست ہے۔

مکرم مرزا کلیم احمد صاحب سبزہ زار ملتان روڈ لاہور طویل عرصہ سے بیمار ہیں۔ احباب جماعت سے شفایابی کی درخواست ہے۔

مکرم محمد اعظم صاحب محافظ خزانہ صدر انجمن احمدیہ ربوہ لکھتے ہیں۔ خاکسار کے والد محترم محمد شفیع صاحب سابق محافظ خزانہ صدر انجمن احمدیہ پاکستان ایک ایکسیڈنٹ کی وجہ سے تقریباً گزشتہ ایک ماہ سے فضل عمر ہسپتال میں زیر علاج ہیں۔ اس ایکسیڈنٹ میں ان کے دونوں پاؤں کچلے گئے تھے۔ احباب کرام سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ محض اپنے فضل سے جلد شفائے کاملہ و عاجلہ عطا فرمائے۔

درخواست دعا

☆ مکرم طارق سعید صاحب مربی سلسلہ و استاد جامعہ احمدیہ لکھتے ہیں کہ خاکسار کی بیٹی طاہرہ سعید صاحبہ گورنمنٹ نصرت گرلز ہائی سکول ربوہ نے فیصل آباد بورڈ کے 9th کلاس کے امتحان میں 391/425 (92%) نمبر حاصل کر کے کامیابی حاصل کی ہے۔ دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کامیابی کو ہر لحاظ سے بابرکت کرے اور میٹرک کے امتحان میں بھی نمایاں کامیابی سے ہمکنار کرے۔ آمین

کامیابی

مکرم منصور احمد صاحب امیر جماعت احمدیہ حیدر آباد لکھتے ہیں۔ میری بھتیجی مکرمہ آصفہ منصورہ صاحبہ بنت مکرم مبشر احمد صاحب وسیم نے BCS فائنل 2003ء کے امتحان میں 83 فیصد سے زیادہ نمبر لے کر مجموعی طور پر ’A‘ گریڈ میں کامیابی حاصل کی ہے اور پیٹرومین حیدر آباد میں اول قرار پائی ہیں۔ ان کیلئے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ انہیں آئندہ مزید کامیابیاں عطا فرمائے۔

تبدیلی نام

مکرم میاں محمد اسحاق صاحب 205/C دارالفتوح غربی ربوہ لکھتے ہیں۔ آئندہ خاکسار کی اہلیہ محترمہ کو محمد بیوی کی بجائے مقبول اسحاق کے نام سے لکھا اور پکارا جائے۔

درخواست دعا

مکرم نذر محمد نذیر گولیکی صاحب دفتر جلسہ سالانہ ربوہ لکھتے ہیں۔ خاکسار کا مورخہ 17 ستمبر 2004ء کو اسلام آباد میں پراسٹیٹ گلینڈ کا آپریشن ہوا تھا۔ ایک لمبی اور تکلیف دہ بیماری کے بعد اللہ تعالیٰ نے محض اپنے فضل سے صحت عطا فرمائی ہے۔ اللہ تعالیٰ سب احباب جماعت کو جزائے خیر عطا فرمائے جنہوں نے خاکسار کو دعاؤں میں یاد رکھا۔ دعا کریں اللہ تعالیٰ ہر لحاظ سے صحت کاملہ عطا فرمائے۔

مکرم مرزا عزیز احمد صاحب جہاں زیب بلاک علامہ اقبال ٹاؤن لاہور بیمار ہیں احباب جماعت سے ان کی شفایابی کی درخواست ہے

☆......☆......☆......☆

منکسر المزاج، مستجاب الدعوات اور عالم دین رفیق حضرت مسیح موعود

سیرت حضرت مولانا شیر علی صاحب کے بعض دلکش پہلو

ہمدردی خلائق اور وسعتِ حوصلہ آپ کے اخلاق عالیہ کے درخشندہ پہلو تھے

قبولیت دعا

مکرم ملک عبدالرحمٰن صاحب تحریر کرتے ہیں کہ 1929ء میں میرے ہیڈ کلرک ہونے پر سپیشل رپورٹ ہونی تھی۔ میں نے حضرت مولوی شیر علی صاحب کی خدمت میں دعا کے لئے لکھا۔ اس کے بعد جب میں قادیان جلسہ پر پہنچا۔ تو حضرت مولوی صاحب نے مجھے دیکھتے ہی فرمایا کہ میں نے آپ کے لئے بہت دعا کی ہے۔ اللہ تعالیٰ کامیاب کرے گا۔ چنانچہ ہر قسم کے ناموافق حالات کے باوجود اللہ تعالیٰ نے محض اپنے فضل سے کامیابی عطا فرمائی۔

بچوں سے شفقت

مکرم محمد اسحٰق خلیل صاحب لکھتے ہیں خاکسار کو بہت چھوٹی عمر سے ہی حضرت مولوی صاحب سے ملنے جلنے کا شرف حاصل ہوا۔ جب میرے والد صاحب دعوت الی اللہ کے لئے اٹلی روانہ ہوئے تو میں روزانہ حضرت مولوی صاحب کی خدمت میں والد صاحب کے بسلامت پہنچنے کے لئے دعا کی درخواست کرنے جایا کرتا تھا۔ مجھے یاد ہے کہ حضرت مولوی صاحب میری دلداری کی خاطر یہ دریافت فرماتے کہ آج ان کو روانہ ہوئے کتنے دن ہو گئے ہیں۔ اور اتنے دنوں تک انگلینڈ پہنچ جائیں گے وغیرہ (کیونکہ مولوی صاحب مرحوم خود اس سے قبل لنڈن ہو کر آئے تھے) حضرت مولوی صاحب کی ان باتوں سے میری افسردگی دور ہو کر مجھے قلبی اطمینان حاصل ہوتا۔ اور میں مولوی صاحب کی یہ باتیں سن کر اپنے دل میں ایک گونہ خوشی محسوس کرتا۔

سادگی و بے تکلفی

مکرم سید سجاد احمد صاحب رقمطراز ہیں کہ جن دنوں حضرت مولوی شیر علی صاحب کا دفتر Guest house دارالانوار قادیان میں تھا۔ ہم بھی والد صاحب کے ساتھ اس کے ایک حصہ میں رہائش پذیر تھے۔ حضرت مولوی صاحب مرحوم سے روزانہ کافی دیر تک مستفیض ہونے کا موقعہ ملتا۔ باوجودیکہ آپ ترجمۃ القرآن ایسے اہم فریضہ کی سرانجام دہی میں مصروف تھے۔ آپ نے کبھی بھی مجھے دفتر میں آنے سے نہیں روکا۔ بسا اوقات مولوی صاحب اپنی میز پر کام میں مشغول ہوتے۔ اور میں زور زور سے اپنا سبق دہرا رہا ہوتا۔ لیکن اکثر ایسا ہوا کہ اگر میں نے کہیں غلطی کی۔ تو مولوی صاحب نے ازراہ شفقت اس کی تصحیح فرما دی۔

انہی دنوں کا ایک واقعہ ہے کہ یوم دعوت کے موقعہ پر ایک دفعہ میں شام کے وقت مولوی صاحب کی خدمت میں حاضر ہوا۔ آپ اپنے دفتر میں مصروف عمل تھے۔ میں سلام کر کے بیٹھا ہی تھا۔ کہ آپ نے نہایت شفقت سے دریافت فرمایا کہ ’’میاں آج تم دعوت الی اللہ کے لئے کس گاؤں میں گئے تھے یا یونہی ادھر ادھر پھرتے رہے ہو۔ میں نے عرض کیا میں صبح سے بعض احباب کے ساتھ فلاں فلاں گاؤں میں دعوت الی اللہ کرنے کے بعد ابھی واپس آیا ہوں۔ اس پر انہوں نے اظہار مسرت فرمایا۔ لیکن میں نے بے تکلفی کی وجہ سے یا اپنی کم عمری کے باعث حضرت مولوی صاحب سے دریافت کیا کہ آپ آج کس گاؤں میں دعوت کے لئے گئے تھے تو مولوی صاحب نے میری اس جسارت پر مشفقانہ تبسم کے ساتھ فرمایا۔ ’’یہ ضروری نہیں ہے کہ ملحقہ دیہات ہی میں جا کر دعوت کی جائے۔ میں سارا دن یہاں بیٹھا ہی دعوت کرتا رہتا ہوں‘‘۔ میں اس جواب سے بہت حیران ہوا۔ یہ کیسے ممکن ہے اور اپنی اس حیرانی کی وجہ سے دریافت کر بیٹھا مولوی صاحب بھلا یہ کس طرح ممکن ہے۔ کہ آپ یہاں بیٹھے ہی دعوت کرتے رہے۔ اس پر مولوی صاحب میری حیرانی سے اور زیادہ محظوظ ہوئے۔ اور فرمایا تم تو قادیان کے ارد گرد زیادہ سے زیادہ 5-6 میل تک جا کر دعوت کرتے رہے ہو۔ میں نے یہاں بیٹھے بیٹھے ہندوستان کے دور دراز شہروں میں دعوت کی ہے۔ بلکہ سمندر پار تک اور وہ بھی آج ہی۔ میں اس سے ورطۂ حیرت میں پڑ گیا۔ اور بڑی بے تابی سے پوچھا بھلا یہ کیسے ہو سکتا ہے اس پر آپ نے اپنی میز کے ایک کونہ پر خطوط کے ایک اچھے خاصے ڈھیر کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا ’’میں نے آج دن بھر میں ہندوستان کے کئی شہروں اور لنڈن تک یہ دعوتی خطوط لکھے ہیں۔ اور ان کے ذریعہ اپنے دوستوں اور واقفوں کو احمدیت کی دعوت کی ہے۔

روحانی عظمت

مکرم مولانا محمد احمد جلیل صاحب تحریر کرتے ہیں ایک دفعہ میں سرگودھا سے قادیان آ رہا تھا۔ حضرت حافظ عبدالعلی صاحب (برادر اکبر حضرت مولوی شیر علی) سرگودھا میں ہی سکونت پذیر تھے مجھے جب بھی سرگودھا جانے کا اتفاق ہوتا خاص طور پر حافظ صاحب موصوف سے ملاقات کرتا۔ اس دفعہ بھی جب ملاقات کے موقعہ پر ان کو میرے قادیان جانے کا علم ہوا تو انہوں نے مجھے یہ پیغام دیا۔

’’بھائی صاحب کی خدمت میں میری طرف سے السلام علیکم عرض کر دیں۔‘‘

میں نے کسی قدر متعجب ہو کر عرض کیا کہ آپ تو ان سے بڑے ہیں۔ اس پر حافظ صاحب نے فرمایا:-

’’ہاں میں ان سے پہلے پیدا ہوا تھا۔ لیکن بڑے وہ ہیں۔‘‘

خدمت خلق

مکرم غلام رسول افغان شیر فروش بیان کرتے ہیں کہ ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ قادیان میں انفلوائنزا اور ٹائیفائڈ کی وبا پھیلی۔ جس سے کثرت سے لوگ متاثر ہو رہے تھے آپ ایسے نازک وقت میں ایک مرد مجاہد کی طرح غربا کے گھروں پر جاتے اور ان سے کہتے کہ میں نے ٹیکے منگوائے ہیں۔ اور ڈاکٹر کو بھی بلوایا ہے۔ آپ لوگ آ کر ٹیکے لگوا لیں۔ چنانچہ ان ایام میں آپ ہمارے گھر میں تشریف لائے۔ اور ٹیکے لگوانے کی تاکید فرمائی۔ ہم سب نے آپ کے ارشاد کی تعمیل میں ٹیکے لگوائے اور آپ کے حسن اخلاق اور غریب پروری کے اس قابل ستائش جذبہ کو سراہتے اور دعائیں دیتے رہے۔

تسبیح و تحمید کی فضیلت

مکرم حافظ عبدالرحمٰن صاحب بٹالوی لکھتے ہیں کہ ایک دفعہ میں نور ہسپتال کی گلی سے جو حضرت مولوی شیر علی صاحب کے مکان پر آ کر ختم ہوتی تھی فجر کی نماز کے لئے آ رہا تھا۔ کہ حضرت مولوی صاحب بھی اپنے مکان سے اسی وقت نکلے مجھے دور سے دیکھا تو ٹھہر گئے۔ جب میں ان سے السلام علیکم کہہ کر مل گیا تو آپ چل پڑے۔ مجھے فرمانے لگے کہ تسبیح و تحمید کرتے جایا کرو۔ گو میں پہلے ہی اس میں مشغول تھا۔ لیکن امتثال امر کے طور پر ذرا بلند آواز سے کرنے لگا جب ہم بیت پہنچے تو مولوی صاحب نے بھی نماز شروع کر دی۔ اور میں نے بھی دو رکعتوں کے بعد دوبارہ دو رکعتیں شروع کر دیں۔ جب حضرت مولوی صاحب نے اپنی دو رکعتیں ختم کیں تو میں دوبارہ دو رکعتیں ختم کر چکا تھا کیونکہ آپ کی نماز لمبی ہوتی تھی۔ میری طرف مخاطب ہو کر فرمانے لگے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا ہے کہ ندا کے بعد سوائے دو رکعت مسنون کے کوئی مزید نماز نہیں پڑھا کرتے۔ اور وہ بھی مختصر پھر فرمایا کہ جو شخص سنن کے بعد فرض نماز تک تسبیح و تقدیس کرتا ہے وہ زیادہ ثواب حاصل کر لیتا ہے۔

قبولیت دعا

آپ مزید بیان کرتے ہیں کہ حضرت مولوی شیر علی صاحب کا معمول تھا کہ یونیورسٹی کے امتحانات جب شروع ہوتے تھے۔ تو حضرت مولوی صاحب بلا ناغہ روز تشریف لاتے۔ اور لڑکوں کی معیت میں نہایت الحاح سے دعا کرتے۔ پھر تمام لڑکے ہال میں داخل ہو جاتے۔ ایک دفعہ حضرت مولوی صاحب دعا کر کے آ رہے تھے کہ ہائی سکول کے بورڈنگ کے قریب ملے میں نے عرض کیا کہ حضور میری بچی حفیظ الرحمٰن نے ایف اے فلاسفی کا امتحان دینا ہے اس کے لئے دعا کریں۔ تو وہ شفقت کا پیکر بغیر کچھ جواب دیئے میرے ساتھ ہو لیا۔ اور دوبارہ ہائی سکول کے برآمدہ میں پہنچ کر میری بچی کے لئے لمبی دعا کی۔ آپ پر خاص رقت کی کیفیت تھی۔ دعا کے بعد فرمایا کہ آپ کی بچی کامیاب ہو جائے گی۔ چنانچہ وہ فلاسفی میں ضلع گورداسپور بھر میں فرسٹ آئی۔

بھائی کی محبت

مکرم عبدالمنان میر صاحب لکھتے ہیں۔ ملکی بٹوارے کے بعد میں اپنی مستقل رہائش کی جگہ تلاش کرنے کے لئے سرگودھا گیا اور بیت احمدیہ میں مغرب کی نماز ادا کی۔ حضرت مولوی شیر علی صاحب

سے تعلق خاص کی وجہ سے گو میں آپ کے بڑے بھائی حضرت حافظ عبدالعلی صاحب وکیل کے نام اور شکل سے تو واقف تھا۔ لیکن کافی عرصہ تک ملاقات نہ ہوسکنے کے باعث وہ نقش کسی قدر مدہم پڑ گئے تھے۔ جب آپ نے نماز پڑھائی۔ تو میں آپ کی قراءت کے انداز اور چہرے کے خدوخال سے پہچان گیا کہ یقیناً آپ ہی حضرت مولوی صاحب کے بھائی ہیں۔ چنانچہ نماز سے فراغت کے بعد میں نے آپ سے ملاقات کا شرف حاصل کیا۔ میں چونکہ اکثر حضرت مولوی صاحب کی خدمت میں رہا کرتا تھا۔ اس لئے حضرت حافظ صاحب نے مجھے فوراً پہچان لیا۔ اور اپنے گھر لے گئے۔ اب وہاں انہوں نے حضرت مولوی صاحب کی داستان غم چھیڑ دی۔ ایک ایک بات تفصیل سے پوچھتے۔ دوران گفتگو میں جب میں نے ان سے عرض کیا کہ حضرت مولوی صاحب کی وصیت کے مطابق میں آپ کے غسل میں بھی شریک تھا۔ اور بیماری کے دوران میں ادویہ وغیرہ لانے اور دیگر امور کی سرانجام دہی بھی میرے سپرد تھی۔ تو آپ پر عجیب غم آگین کیفیت طاری ہوگئی۔ اور قطرات اشک آپ کی آنکھوں سے گرنے لگے پھر کسی قدر بھرائی ہوئی آواز میں فرمایا ذرا اپنے ہاتھ میری طرف کرو۔ جب میں نے ہاتھ بڑھا دیئے تو آپ کافی دیر تک ان کو اپنے ہاتھوں میں دبا کر اشتیاق وحرماں کے مخلوط جذبات کے ساتھ چومتے اور دعائیں دیتے رہے۔ اور بار بار یہ فرماتے کہ یہ ہاتھ میرے بھائی کی تیمارداری میں مصروف رہے ہیں جس کا مجھے موقعہ میسر نہ آسکا۔ اور انہی جذبات کی کشمکش میں آپ نے تمام رات آنکھوں میں کاٹ دی اس وقت مجھ پر اس حقیقت کا انکشاف ہوا کہ حضرت حافظ صاحب اگرچہ حضرت مولوی صاحب کے بڑے بھائی تھے۔ لیکن آپ کے زہد وتعبد اور علم وفضل کے باعث آپ کے دل میں مولوی صاحب کا کتنا احترام موجود تھا۔

دعائے مستجاب

مکرم ماسٹر محمد ابراہیم بھامبڑی صاحب لکھتے ہیں: میں حضرت مولانا شیر علی صاحب کی ڈاک وصول کرنے پر مامور تھا موسم گرما میں مولوی صاحب حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کے ساتھ ڈلہوزی تشریف لے گئے۔ اور میں ڈلہوزی کے پتہ پر آپ کو ڈاک بھیجنے کے فرائض سرانجام دیتا رہا۔ انہی ایام میں باہر سے ایک دوست کا خط آیا۔ جس میں مختصراً حضرت مولوی صاحب سے دعا کی درخواست تھی۔ باقی نصف خط خالی پڑا تھا۔

1937ء سے 1942ء تک چونکہ میری زندگی کی کل کائنات ایک لڑکی تھی۔ اور میں نرینہ اولاد کا بے حد خواہشمند تھا۔ اس لئے کارڈ کے بقیہ نصف حصہ پر میں نے اس مقصد کے پیش نظر اپنے لئے دعا کی درخواست کردی۔ تین چار روز کے بعد حضرت مولوی صاحب کا جواب آیا جس میں تحریر تھا کہ:۔

''میں نے دعا کی ہے خدا تعالیٰ آپ کو نرینہ اولاد عطا کرے گا انشاءاللہ''

چنانچہ آپ کی اس دعا نے قبولیت کا مقام حاصل کیا۔ اور خدا نے اپنے فضل سے مجھے جلد ہی ایک لڑکا عطا فرمایا۔

طلب مغفرت

بھامبڑی صاحب مزید بیان کرتے ہیں کہ ایک دفعہ بیت مبارک میں ظہر کی نماز کے بعد مجھے خیال آیا کہ دیکھوں حضرت مولوی صاحب نماز کے بعد کیا کرتے ہیں۔ چنانچہ میں سنتوں سے فارغ ہوکر اسی انتظار میں بیٹھا رہا۔ حضرت مولوی صاحب نے پہلے تو نہایت سکون واطمینان سے سنتیں ادا فرمائیں۔ پھر اس کے بعد دو نفل پڑھے۔ اور بیت مبارک کی اندرونی سیڑھیوں سے اتر کر گھر تشریف لے جانے لگے۔ حضرت مولوی صاحب ابھی دو چار سیڑھیاں ہی اترے ہوں گے کہ یکدم میرے دل میں خیال آیا کہ اب حضرت مولوی صاحب کا سیڑھیوں سے اترنے کا طریق بھی دیکھنا چاہئے۔ چنانچہ میں آپ کے پیچھے ہو لیا۔ آپ دو سیڑھیاں اترتے اور دیوار کے ساتھ ہاتھ کا سہارا لے کر تھوڑی دیر تک نہایت الحاح ورقت کے ساتھ استغفراللہ ربی من کل ذنب و اتوب الیہ کئی مرتبہ پڑھتے پھر دو سیڑھیاں اترتے اور نہایت خشوع وخضوع سے ان دعائیہ کلمات کا ورد فرماتے۔ چنانچہ اسی عالم میں آپ نے وہ تمام سیڑھیاں طے کیں۔

احتیاط

سید شاہ محمد صاحب واقف زندگی بیان کرتے ہیں کہ 1936ء کی بات ہے جس روز حضرت مولوی شیر علی صاحب لنڈن تشریف لے جارہے تھے۔ اس وقت آپ کے عقیدت مندوں کا ایک ہجوم آپ کو اپنی دلی محبت کے پھول پیش کرنے اور الوداعی سلام کہنے کے لئے بٹالہ تک گیا۔ سامان وغیرہ کا انتظام آپ کے صاحبزادے مکرم عبدالرحیم صاحب اور مکرم مولوی محمد احمد صاحب جلیل کے سپرد تھا۔ انہوں نے حضرت مولوی صاحب کی سہولت کے مدنظر (تاکہ آپ بھول نہ جائیں اور تالا وغیرہ کھولنے میں وقت کا سامنا نہ ہو) تالے اور چابی ہر دو پر نمبر لگا دیئے۔ اور ایک پاکٹ بک میں تمام سامان کی فہرست بھی لکھ دی۔ نیز چابیوں کے نمبروں کے متعلق بھی تحریر کردیا۔ چنانچہ خدا حافظ کہتے وقت میں نے حضرت مولوی صاحب کی خدمت میں دعا کی درخواست کی۔ آپ نے فرمایا اس پاکٹ بک میں اپنا نام لکھ دیں۔ تاکہ مجھے یاد رہے۔ چنانچہ میں نے ذیل کے الفاظ لکھ دیئے۔

''سید شاہ محمد واقف زندگی کو اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں''۔

قرضہ سے نجات کی دعا

میں عموماً حضرت مولوی شیر علی صاحب کی خدمت میں قرضہ سے نجات کے لئے دعا کی درخواست کیا کرتا تھا۔ ایک دفعہ آپ نے فرمایا کہ قرضہ سے سبکدوش ہونے کے بہترین طریق حضور سرور کائنات ﷺ کی یہ دعا ہے۔

لیکن آپ نے مزید تاکید یہ فرمائی۔ جہاں اعوذ بک آئے وہاں نعوذ بک پڑھا کریں۔ اور اس طرح مجھے بھی اس دعا میں شامل کرلیا کریں۔ تاکہ اللہ تعالیٰ میری مشکلات کو بھی دور فرمائے۔

نماز کے بعد دعا

چوہدری غلام سرور باجوہ صاحب لکھتے ہیں کہ ایک مرتبہ حضرت مصلح موعود باہر تشریف لے گئے تھے اور حضرت مولوی صاحب امیر مقامی تھے۔ ایک روز صبح کی نماز کے بعد میں نے مولوی صاحب سے عرض کیا کہ آئیں ذرا مل کر دعا کرلیں۔ مولوی صاحب نے فرمایا کہ

''نماز میں دعا کرلی ہے۔ نماز کے بعد ہاتھ اٹھا کر دعا کرنے کی اب کوئی ضرورت نہیں۔''

مجھے اس وقت خیال آیا چونکہ آنحضرت ﷺ نے نماز کے بعد دعا کو پسند نہیں فرمایا۔ اس لئے حضرت مولوی صاحب نے بھی امیر ہونے کی حیثیت سے اس امر کو پسند نہ کیا۔ تا میرے اس طرح دعا کرنے سے کوئی غلط نمونہ قائم نہ کرلے۔

دعا کا اثر

مکرم محمد حسین جہلمی ٹیلر ماسٹر بیان کرتے ہیں کہ حضرت مولوی صاحب ایک دفعہ موضع پھلر وال تشریف لائے۔ ایک غیر احمدی عورت کی شادی ہوئے چھ سات برس کا طویل عرصہ گزر چکا تھا۔ لیکن وہ اولاد سے محروم تھی۔ عورت کو جب آپ جیسی بزرگ ہستی کی آمد کا علم ہوا تو کہنے لگی سنا ہے مولوی صاحب بڑے بزرگ آدمی ہیں۔ ان سے مجھے اولاد کا کوئی تعویذ ہی لے دیں۔ میں نے کہا مولوی صاحب تعویذ نہیں دیتے۔ البتہ دعا کے لئے کہوں گا۔

چنانچہ جب آپ واپس جانے لگے۔ تو اسٹیشن پر پہنچ کر میں نے سارا واقعہ بیان کیا اور دعا کے لئے عرض کیا۔ آپ نے وہیں ہاتھ اٹھا کر دعا کی۔ آپ کی دعا کا یہ اثر ہوا کہ قریباً ایک سال کے اندر ہی خدا نے اس کو لڑکا عطا فرمایا۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس طرح معجزانہ طور پر بچے کا ہونا یقیناً حضرت مولوی صاحب کی دعا کے اثر کے تحت تھا۔

حدیث کی سند اور یادداشت

محترم مولانا محمد احمد جلیل صاحب بیان فرماتے ہیں حضرت مولوی شیر علی صاحب کو چہل حدیث جو حضرت علیؓ سے مروی ہیں اور جن کا آغاز لیس الخبر کالمعائنۃ سے ہوتا ہے مسلسل سند کے ساتھ یاد تھیں۔ آپ نے حضرت منشی محمد الدین صاحب واصل باقی نویس مرحوم سے (جو قادیان میں درویشی کی حالت میں فوت ہوئے) اور انہوں نے حضرت میر محمد اسحٰق صاحب سے حاصل کی تھیں۔ اور اسی طرح یہ سلسلہ اسناد حضرت علیؓ کے ذریعہ رسول کریم ﷺ تک بغیر کسی کتاب کے واسطہ سے یاد تھا۔

چنانچہ آپ نے جہاں اور دوستوں کو چہل حدیث مسلسل سند کے ساتھ زبانی یاد کرائی تھیں ان میں خاکسار کو بھی یہ سعادت نصیب تھی۔

مجھے اچھی طرح یاد ہے کہ ایک مرتبہ کوئی سند یا حدیث میرے ذہن سے اتر گئی۔ جس کا میں نے حضرت مولوی صاحب سے ذکر کرتے ہوئے عرض کیا کہ میں اسے بعد میں کتاب کی مدد سے یاد کرلوں گا۔ تو اس پر حضرت مولوی صاحب نے فرمایا۔ کتاب سے تو ہر ایک یاد کرسکتا ہے۔ اس طرح نبی کریم ﷺ سے مسلسل سند کے ساتھ زبانی تحصیل کی خصوصیت قائم نہیں رہتی۔ چنانچہ حضرت مولوی صاحب کا یہ معمول تھا کہ آپ پڑھنے والوں کو بڑے تعہد کے ساتھ پہلے پوری سند یاد کراتے۔ اور اس کے بعد چالیس احادیث یاد کراتے۔ پھر تسلی اور احتیاط کے مدنظر کئی بار سنتے۔ تاکہ سند یا روایت میں کسی لفظ کی کمی بیشی یا تقدیم و تاخیر نہ ہوجائے۔

اسی تعلق میں مجھے یہ بھی یاد ہے کہ آپ حضرت منشی محمد الدین صاحب مرحوم کے ساتھ خاص طور پر واصل الباقی کا لفظ فرمایا کرتے تھے۔ اور اس کی تشریح یوں فرمایا کرتے تھے کہ منشی صاحب محکمہ مال میں واصل باقی نویس تھے۔ اسی مناسبت سے انہوں نے یہ لفظ اپنے نام کے ساتھ بطور تفاؤل چسپاں کرلیا تھا۔ اور لفظ ''الباقی'' سے ان کا اشارہ ذات الٰہی کی طرف تھا۔ اس لئے حضرت مولوی صاحب سند میں یہ لفظ ضرور ان کے نام کے ساتھ قائم رکھتے۔

دعائے مستجاب

شیخ فضل حق صاحب شاد باغ لاہور تحریر کرتے ہیں کہ ایک دفعہ میرا بھائی سراج الحق موضع کوٹ کپورہ ضلع فرید کوٹ ایک خطرناک قسم کے مرض میں مبتلا ہوکر عرصہ دراز تک صاحب فراش رہا۔ یہاں تک کہ ڈاکٹروں نے بھی جواب دے دیا۔ اس تشویشناک اور مایوس کن حالت میں میری قلبی تسکین کا موجب صرف دعا تھی۔ چنانچہ میں نہایت باقاعدگی سے حضرت خلیفۃ المسیح الثانی حضرت مولوی شیر علی صاحب۔ حضرت مفتی محمد صادق صاحب اور حضرت مولانا راجیکی صاحب کی خدمت میں دعائیہ خطوط تحریر کرتا رہا حضرت مولوی شیر علی صاحب کو میں نے ذرا تفصیل کے ساتھ اپنے بھائی کی بیماری کے تمام حالات تحریر کئے تھے۔ آپ نے اپنے خط میں مجھے ایک دعا لکھ کر ارسال فرمائی۔ اور ہدایت کی کہ اس دعا کو ہر روز بلاناغہ پڑھ کر مریض پر دم کیا کرو۔ چنانچہ میں آپ

باقی صفحہ 5 پر

مکرم عبدالرشید صاحب آرکیٹکٹ

امریکہ اور برطانیہ کے حکمرانوں کے سالانہ اخراجات اور سہولیات

کچھ عرصہ پہلے دنیا کے چار ممالک امریکہ، برطانیہ، فرانس اور روس عظیم چار (Big Four) کے نام سے مشہور تھے۔ سیاسی طور پر فرانس اور برطانیہ اب یورپ کا حصہ بن چکے ہیں۔ روس چھوٹی چھوٹی ریاستوں میں تقسیم ہو چکا ہے۔ اور اب سپر پاور کے نام سے صرف امریکہ ہی مشہور رہے۔ ان تین بڑی طاقتوں میں نظام صدارت ہے۔ اور برطانیہ میں بادشاہت ہے۔ جس میں ملکہ الزبتھ کی حکمرانی ہے۔ احباب کی دلچسپی کے لئے یہاں امریکہ کے صدر اور برطانیہ کی ملکہ کے سالانہ خرچ کا حساب درج کیا جاتا ہے۔

امریکہ

یہاں صدر کا انتخاب ہر چار سال کے بعد ہوتا ہے۔ ایک شخص عام طور پر صدر کے عہدہ پر زیادہ سے زیادہ دو بار منتخب ہوتا ہے۔ امریکہ کے صدر کی تنخواہ اتنی بڑی رقم نہیں۔ یہ صرف دو لاکھ ڈالر سالانہ ہے۔ (تقریباً ایک کروڑ بیس لاکھ روپے سالانہ) امریکہ میں ایک عام فرم کا ڈائریکٹر بھی اس سے کئی گنا زیادہ رقم کما لیتا ہے۔ لیکن جو سہولتیں امریکہ کے صدر ہونے کی حیثیت سے میسر آتی ہیں۔ وہ حیران کن ہیں۔ اور جب تک کوئی صدر رہتا ہے وہ خود کو اپنے خاندان کو اور رشتہ داروں ودوستوں کو بھی ان سہولتوں سے لطف اندوز کرواتا ہے۔

1۔ وائٹ ہاؤس امریکہ کے صدر کی سرکاری رہائش گاہ ہے۔ جو واشنگٹن میں واقع ہے۔ اس کے 132 کمرے ہیں۔ 100 سے زیادہ سٹاف ہر وقت صدر کی خدمت کے لئے موجود ہوتا ہے۔

2۔ وائٹ ہاؤس کو چلانے کیلئے 150 ملین ڈالر سالانہ خرچ ہوتے ہیں۔ اس میں 1\4 ملین ڈالر وائٹ ہاؤس میں پھولوں پر خرچ ہوتے ہیں۔ جو تقریباً 42 ہزار روپے روزانہ بنتے ہیں۔

3۔ فلم دیکھنے کے لئے صدر کے لئے ایک Theatre ہے۔ اور یہ عام دستور ہے۔ کہ جب بھی کوئی نئی فلم بنتی ہے۔ پہلے صدر صاحب دیکھتے ہیں۔ اس کے بعد پبلک کے لئے Release کی جاتی ہے۔

4۔ صدر صاحب کی سہولت کے لئے اس میں ایک جمنیزیم ہے۔ جو ہر قسم کی موجودہ مشینوں سے آراستہ ہے۔

5۔ صدر کی ورزش کے لئے اس میں ایک سوئمنگ پول ٹینس کورٹ Sauna Bath اور Bowling Alley کی سہولتیں ہیں۔

6۔ ایک ڈاکٹر 24 گھنٹے وائٹ ہاؤس میں موجود رہتا ہے۔ تاکہ صدر صاحب کا فوری طور پر معائنہ ہو سکے۔

7۔ اگر صدر صاحب یا ان کی اہلیہ کو پکا ہوا کھانا پسند نہ آئے۔ تو باہر کئی ریسٹورنٹ ان کی Disposal پر ہوتے ہیں۔ اور 35 کاروں کا ایک دستہ ہر وقت صدر صاحب کو باہر لے جانے کے لئے تیار ہوتا ہے۔

8۔ وائٹ ہاؤس کے 70 میل شمال کی طرف کیمپ ڈیوڈ Camp-David کا ایک علاقہ ہے۔ جو صدر صاحب کے استعمال کے لئے مخصوص ہے۔ ایک ہیلی کاپٹر ہر وقت وائٹ ہاؤس میں تیار رہتا ہے۔ جو صدر کو ہفتہ اور اتوار کے لئے 30 منٹ میں وہاں پہنچا دیتا ہے۔ تا کہ صدر صاحب Week-End پر خاموشی سے واشنگٹن سے دور کام کر سکیں یا آرام کر سکیں۔ پہلے اس جگہ کا نام صدر فرینکلن روز ویلٹ نے Shangrila رکھا۔ لیکن جب آئزن ہاؤر امریکہ کے صدر بنے۔ تو انہوں نے اس کا نام اپنے پوتے کے نام سے بدل کر Camp-David رکھ دیا۔

9۔ Camp-David میں ایک خاص حصہ جو چار بیڈروم پر مشتمل ہے۔ صدر صاحب کے لئے مخصوص ہے۔ اس علاقہ کے اردگرد پہاڑوں پر مہمانوں کے لئے رہنے کی جگہ میسر ہے۔ اس میں بہت سے کمیٹی رومز ہیں۔ جنگ عظیم دوم کے دوران D-Day کے لئے پلان اس جگہ تیار کیا گیا تھا۔ سابق صدر جمی کارٹر کے دور میں مشرق وسطیٰ کا معاہدہ، جو اسرائیل اور فلسطین کے درمیان ہوا تھا اسی جگہ پر طے پایا تھا۔

10۔ صدر کے لئے وائٹ ہاؤس کی طرح یہاں بھی سوئمنگ پول Bowling Alley ٹینس کورٹ Clay pigeon shooting اور گالف کورس کی سہولتیں موجود ہیں۔

11۔ سب سے بڑا اعجوبہ جو صدر امریکہ کے استعمال کے لئے ہے۔ وہ Air Force One ہے۔ یہ Boeing 747 جہاز ہے۔ اس میں دنیا کی ہر سہولت موجود ہے۔ اس کو اڑتا ہوا وائٹ ہاؤس کہا جاتا ہے۔ ایمرجنسی کی حالت میں صدر امریکہ اس جہاز میں ہوا میں چلے جاتے ہیں۔ اور اسی جہاز سے کام کرتے ہیں۔ 11 ستمبر 2001ء کے موقعہ پر صدر بش صاحب وائٹ ہاؤس میں کام کرنے کی بجائے اسی جہاز میں پرواز کر گئے تھے۔ اور اس وقت تک وائٹ ہاؤس واپس نہیں آئے۔ جب تک حالات قابو میں نہ آئے۔ اس جہاز میں وائٹ ہاؤس والے ٹیلیفون نمبر ہی کام کرتے ہیں۔ اور یہ جہاز 40000 فٹ کی بلندی پر پرواز کرتا ہے۔ جہاں سے آپ ہر جگہ فیکس بھی کر سکتے ہیں اور وصول بھی کر سکتے ہیں۔ اس جہاز کا خرچ 40 ہزار ڈالر فی گھنٹہ ہے۔ جو تقریباً 25 لاکھ روپے فی گھنٹہ بنتا ہے۔

12۔ صدارتی عہدے سے زیادہ رقم امریکی صدر اپنے عہدے سے فارغ ہونے کے بعد کماتے ہیں۔ پنشن کے علاوہ ساری عمر Secret Service کی حفاظت ان کو ملتی ہے۔ کئی ملین ڈالر ہر صدر اپنی یادداشتیں کتاب کی شکل میں لکھ کر کما لیتے ہیں۔ اس کے علاوہ جب کبھی کوئی ادارہ سابق صدر کو لیکچر کے لئے دعوت دیتا ہے تو صدر صاحب کی فیس 50000 ہزار ڈالر سے 80000 ہزار ڈالر فی لیکچر ہوتی ہے۔

ملکہ برطانیہ

برطانیہ میں وزیراعظم پارلیمنٹ کے ذریعہ حکومت چلاتا ہے۔ جبکہ صدارت کی بجائے بادشاہت کا نظام رائج ہے۔ موجودہ ملکہ الزبتھ نے اسی سال اپنی گولڈن جوبلی منائی ہے۔ اس موقعہ پر پہلی بار حکومت نے ملکہ کے سالانہ اخراجات کی تفصیل شائع کی ہے۔ ملکہ برطانیہ کی سرکاری رہائش گاہ لندن میں Bukingham Palace ہے۔ اس میں 200 سے زائد کمرے ہیں۔ اس کے ساتھ 42 ایکٹر کا باغ ہے۔ جہاں غیر ملکی مہمانوں اور دوسرے بڑے بڑے فنکشنز کا انتظام کیا جاتا ہے۔ برطانیہ میں ملکہ کے استعمال کے لئے آٹھ پیلیس مختلف جگہوں پر واقع ہیں۔ ان میں Bukingham Palace کے علاوہ Windsor Castle جہاں ملکہ دوران سال کئی بار جاتی ہیں۔ اور Balmoral Castle جہاں ملکہ گرمیوں کا موسم گزارتی ہیں۔ بہت مشہور ہیں۔ Bukingham Palace میں تقریباً 50 ہزار تا 80 ہزار مہمانوں کی ہر سال مہمان نوازی کی جاتی ہے۔ اور تقریباً 17 لاکھ زائرین ہر سال ان پیلیس کو دیکھنے کے لئے آتے ہیں۔ آٹھ پیلیس کی دیکھ بھال کے لئے 15.5 ملین پونڈ سالانہ خرچ ہوتے ہیں۔

1۔ ملکہ برطانیہ پر سالانہ خرچ 35.295 ملین پونڈ ہوتا ہے۔ جو تقریباً 9 ارب روپے بنتا ہے۔

2۔ ملکہ کی زیرنگرانی اور ماتحت 283 افراد ہیں۔ ان کی تنخواہیں 8 ملین پونڈ ہیں۔

3۔ ملکہ کا سالانہ سفر کا خرچ 5 ملین پونڈ ہے۔

4۔ خوراک اور سرکاری دعوتیں 1\2 ملین پونڈ ہے۔

5۔ پبلک دعوتیں 1\2 ملین پونڈ

6۔ کاروں کا سالانہ خرچ 37 ہزار پونڈ

7۔ پیٹرول کا سالانہ خرچ۔ 44 ہزار پونڈ

8۔ سٹیشنری 71 ہزار پونڈ

9۔ پھول وغیرہ 24 ہزار پونڈ

10۔ ڈاک کا خرچ 700 ہزار پونڈ

11۔ کمپیوٹر کا خرچ۔ 84 ہزار پونڈ

12۔ لانڈری 61 ہزار پونڈ

13۔ Carriage Processions 82 ہزار پونڈ

14۔ شراب کا خرچ 97 ہزار پونڈ

15۔ بجلی کا خرچ 323 ہزار پونڈ

16۔ ٹیلیفون کا خرچ 690 ہزار پونڈ

17۔ Gas کا خرچ 334 ہزار پونڈ

18۔ پانی کا خرچ 264 ہزار پونڈ

19۔ ملکہ سال میں 418 دفعہ سفر کرتی ہیں۔ اور ہر سفر پر 500 پونڈ خرچ آتا ہے۔

20۔ پرنس آف ویلز جب گاڑی پر سفر کرتے ہیں۔ تو اس کا خرچ 24 ہزار پونڈ ہوتا ہے۔

21۔ ایک ریل گاڑی صرف ملکہ کے استعمال کے لئے مخصوص ہے۔ جو سال میں صرف 15 بار استعمال کی جاتی ہے۔ اس کی دیکھ بھال پر 703 ہزار پونڈ سالانہ خرچ ہوتے ہیں۔

بقیہ صفحہ 4

کے ارشاد کی تعمیل میں بالالتزام نماز کے بعد آپ کے بتائے ہوئے دعائیہ کلمات کو پڑھ کر اپنے ہاتھوں میں دم کرتا۔ اور پھر مریض کے تمام جسم پر پھیرتا۔ اس عمل سے دن بدن مریض کی حالت بہتر ہوتی چلی گئی۔ اور خدا کے فضل سے پان سات روز میں ہی بیمار کی حالت خطرہ سے باہر ہو گئی۔ اور سرعت سے صحت کے آثار نمودار ہونے شروع ہو گئے۔ چنانچہ میرا وہ بھائی اب تک زندہ موجود ہے۔ اور ڈیڑھ سال کا عرصہ ہوا اپنی ملازمت سے ریٹائر ہوا ہے۔

براعظم ایشیا

☆ رقبہ 17,985,000 مربع میل

☆ 44,250,000 مربع کلومیٹر

☆ 12,313,840 مربع میل (31,892,470 مربع کلومیٹر) یہ رقبہ رشین فیڈریشن کے ایشیائی رقبے کے بغیر ہے۔

براعظم ایشیا دنیا کا رقبے کے لحاظ سے سب سے بڑا (29.6%) براعظم ہے۔

☆ براعظم کی آبادی وسط جون 2000ء تک 3,669,732,000 افراد تھی جبکہ آبادی کی گنجانی 115.1 افراد فی مربع کلومیٹر (298 افراد فی مربع میل) تھی۔

2020ء میں براعظم ایشیا کی متوقع آبادی 4,546,500,000 افراد ہے۔ براعظم ایشیا کی شرح خواندگی 81.2 فیصد مردوں کے لئے، 63.7 فیصد خواتین کے لئے ہے۔

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

(سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ربوہ)

مسل نمبر **37918** میں نورالہدیٰ بنت نسیم احمد شیخ قوم شیخ پیشہ طالب علم عمر 18 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن راولپنڈی بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکرہ آج بتاریخ 15-3-2004 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔اس وقت مجھے مبلغ -/100 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہو گی 1/10 حصہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔الامتہ نورالہدیٰ بنت شیخ نسیم احمد صاحب عثمان سٹریٹ ٹینچ بھاٹہ راولپنڈی گواہ شد نمبر 1 ظہیر احمد ریحان ولد رشید احمد ریحان 28 مرزا سٹریٹ ٹینچ بھاٹہ راولپنڈی گواہ شد نمبر 2 بشارت احمد مرزا وصیت نمبر 16254

مسل نمبر **37919** میں صالحہ بیگم زوجہ محمد احمد صاحب سنوری قوم آرائیں پیشہ خانہ داری عمر 66 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن محلّہ جوہر آباد مری روڈ راولپنڈی بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکرہ آج بتاریخ 16-3-2004 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ 1۔ زیورات طلائی وزنی 12 تولہ مالیتی -/108000 روپے۔ 2۔حق مہر وصول شدہ -/500 روپے۔ 3۔ پرانی سنگر سلائی مشین -/2000 روپے۔اس وقت مجھے مبلغ -/500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہو گی 1/10 حصہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔الامتہ صالحہ بیگم 0/1006-A-2 محلّہ جوہر آباد مری روڈ راولپنڈی گواہ شد نمبر 1 علی حسن آفتاب سنوری وصیت نمبر 27906 گواہ شد نمبر 2 سلیم احمد سنوری برادر موصیہ ولد محمد احمد سنوری 0/1006-A-2 جوہر آباد راولپنڈی

